تمہید حج پس حج کرو پس عرض کیا ایک مرد نی آیا ہر سال فرض ہی یا رسول اللہ پس جب یہی آپ یہان تک کہ اوسی وہی بات تین بار کہی تب فرمایا اگر کہتا مین ہان بیشک واجب ہو جاتا ہر سال اور البتہ طاقت نہ رکھتی تم اوکر نیکی اور ایک روایت مین یہہ بھی آیا ہی اور حج تمام عمر مین ایک بار فرض ہے پس جو زیادہ کری نفل ہی اور حج فرض ہوی پر شتابی کری یعنی جس سال مین اوس پر فرض ہوا ہی اوسی سال بجالاوی یا سفر کرنے کا ارادہ کرتا ہو اور استطاعت رکھنے والی سی مراد ہی مسلمان آزاد عاقل بالغ صحیح البدن قادر زاد راحلہ پر سوا حاجت اصل کی بشرط امن راہ کی اور امن راہ سی یہہ مراد ہی کہ غالب اوسمین سلامت ہو اور بر و بحر اسمین برابر ہین اور اسی پر فتوی ہی چنانچہ در مختار برہان فتیہ عالمگیری وغیرہ مین مذکور ہی برہان مین لکھا ہی اگر احتمال سلامت اور ہلاک دونون برابر ہون تو بھی امن راہ نہین اور عورت کی لی اگرچہ بڑھاپا ہو سوا ان شرطون کی دو شرطین اور بھی ہین ایک خالی ہونا عدت سی دوسری ہمراہ ہونا خاوند یا محرم جوان متقی کا بغیر جسکی محرم وہی ہی کہ جسکی ساتھ کبھی نکاح جایز نہین مسلمان ہو یا کافر بندہ ہو یا آزاد اور بعد استطاعت کی شوہر کی اجازت کی حاجت نہین اتنی مختصر اور خلاصہ کذائی زاد السبیل **دوسری**

**فصل** فرایض و واجبات حج اور افعال خاص عورتون کی مین فرایض جنکی ملتقی الابحر مین لکھا ہی کہ فرض حج کی مین احرام اور وقوف عرفہ مین اور طواف الزیارت اور اوسکو طواف الافاضہ اور طواف الرکن بھی کہتی ہین احرام شرط ہی اور باقی دونون رکن کذا فی المظاہر اور زاد سبیل مین لکھا ہی کہ فرض جملی پانچ ہین اول احرام اور یہ شرط ہی دوسرا وقوف یعنی شب نہ عرفات پر غرقی کی ون زوال کی سورج کی بیچ کسی ایک لحظہ ہو کسی حالت مین تیسرا طواف الزیارت اور یہ دونون رکن ہین لیکن وقوف اقوی ہی لہذا صحیح کہ نہی قبل وقوف کی حج فاسد ہوجاوی اور قبل طواف کی خاسہ نہین ہوتا چوتھا ترتیب ان تینون مین یعنی جو اوا کرنا ہر فرض کا اوسکی وقت اور مکان مین ان فرضون سی اگر کوی ترک ہو تو حج اوانہو گا اور امام شافعی کی نزدیک سعی صفا طواف کی اور سر منڈانا بھی فرض ہے و واجبات حج کی ملتقی مین لکھا ہی کہ احرام حج کی یہہ ہین وقوف مزدلفہ کا اور سعی درمیان صفا اور مروہ کی اور رمی جمار اور طواف الصدر کو اوسکو طواف الوداع بھی کہتی ہین اور باقی کی لئی اور حلق یا بال کترا دی اور ہر چیز کہ واجب ہو بسبب ترک اوسکی دم یعنی جانور ذبح کرنا اور سوای انکی کی سنتین اور اداب ہین اور مولانا محمد اسحق رحمۃ اللہ علیہ نی اپنی رسالہ مین واجبات حج کی یون ارقام فرمای ہین وقوف مزدلفہ اور سعی کرنی درمیان صفا اور مروہ اور کنکریان اوسی مقام پر اور طواف الصدر یعنے طواف الرخصت کرانا قی کو یعنی جو کہ کی کا رہی والا نہو اور سر منڈانا یا بال کروانی اور احرام میقات سی باندہنا اور وقوف عرفات آفتاب کی غروب ہونی تک اور شروع کرنا طواف کا حجر اسود سی اور بعضون نی اسکو سنت کہا ہی اور طواف شروع کرنا دائین طرف سی اور طواف پیادہ پا کرنا اگر کچھ عذر نہو اور طواف باطہارت کرنا اور طواف مین ستر ڈھانکنا اور سعی صفا پر سی شروع کرنی اور سعی مذکور پیادہ پا کرنی اگر عذر نہو اور ذبح کرنا بکری یا مانند اسکے کا قارن اور متمتع کو اور بعد پر شوہ اور کپڑے پہننی اور ترتیب درمیان رمی اور حلق اور ذبح کی اس طرح کہ اول رمی کری پھر ذبح پھر حلق پھر طواف زیارت کری اور طواف زیارت ایام نحر مین کرنا اور طواف اس طرح کرنا کہ معظم طواف کی اندر اجادی اور سعی درمیان صفا اور مروہ کی بعد طواف کی کرنی اور حلق

وقوف

بعد وقوف عرفہ کی اور جو پہنین کہ اوسکی ترک سے دم لازم آوی اونکا ترک بھی واجب ہے اور سوائے
اسکی مستحبات اور آداب [illegible]
یا ماننداس کی اور بکری یا

مین یا حیض یا جماع کری بعد وقوف عرفہ کی پہلی سر منڈانیکی تو امین نہین کفایت کرتا مگر بدنہ یعنی اونٹ
یا گاہین اسی بابی المظاہر بیان خاص فصل عورتون کی کا زاد سبیل مین لکھا ہی کہ عورت کی لئی نسبت
مرد کی کئی چیزین بعد احرام کی خاص ہین اول سی ہوئی کپڑا پہنا جیسی جبہ کرتا پائجامہ واستانی وغیرہ
پر خوشبودار چیز من رنگا ہوا مانند زعفران کسم وغیرہ کی پہنا جایز نہین دوسرے موزون جرابون
کا پہنا جس سے ہڈی ٹخنی کی چھپی رہے تیسری سر کا ڈھکنا پر ہونہہ پر کپڑا نہ پہنچی اگر پردہ نشین ہو تو مونہہ
پر کھپا چون وغیرہ کا ڈھکنا بنا کر باندہی پھر اوپر سی کپڑا ڈال کر منہہ کا نامحرم سی چھپاوی چوتھی تلبیہ کہنا
لبیک کا پانچوین چھٹی اضطباع ورمل کا طواف مین ساتوین اٹھوین استلام کرنا حجر اسود اور رکن یمانی کا
بروقت جمع ہونی مردون اجنبی کے نہ پڑنا دوگانہ طواف کا مقام ابراہیم کے پاس بوقت وہان
جمع ہو مردون کا دسوین نہ دوڑنا درمیان صفا مروہ کی کیارہوین نہ چڑہنا صفا مروہ کی اوپر جہان مردون کا
وہان جاؤ ہو بارہوین سر نہ منڈانا احرام سے اینکی وقت تیرہوین بال کترانی ایک اونکی کے قدر نہ
زاید برخلاف مرد کی کہ اوسکو چوتہای کترانا واجب ہے چودہوین تین بال کترانیکی برخلاف مرد کی کہ اوسکو
سر کا منڈانا ہی جایز ہی پندرہوین تاخیر کرنا طواف زیارت مین بارہوین ذی حجہ سی عذر حیض وغیرہ
سی برخلاف مرد کی کہ اوپر تاخیر سے دم لازم آتا ہی سولہوین ساقط ہونا طواف وداع کا بروقت
روانہ ہونی ساتھہ والون کی عذر حیض و نفاس سے برخلاف مرد کی کہ اوپر واجب ہی مسئلہ عورت
حیض و نفاس والیکو سب افعال حج و عمرہ کی کرنی جایز ہین مگر طواف کعبہ کی جایز نہین اس واسطے کہ طواف
مسجد مین ہوتا ہی اور ناپاک کو مسجد مین جانا منع ہی لیکن باوجود منع ہونی کی اگر اس حالت مین طواف
کر لی تو فرض ادا ہو جاویگا لہذا اگر عورت کو پہلی طواف زیارت کرنی حیض آوی اور ساتھہ والی اوسکے
ٹھیر نہین سکتی اس حالت مین اگر طواف کر لی حج صحیح ہوگا لیکن کہنا ہوگی اونٹ یا گائی قربانی کرے

اور توبہ کری اور خشنی مشکل حکم عورت کا رکتا ہی مسئلہ عورت احرام باندہنی والیکو سونا چاندی حریر پہنا
جایز ہی اہنی تیسرے فصل فضایل حج اور عمرہ کی بیان مین صحیح مسلم مین ابوہریرہ سی روایت ہی کہ
کہ ایک عمرہ دوسری عمرہ تک کفارہ ہجو اناہی اور حج مبرور کی جزا نہین بکہ جنت ف حج مبرور کہتی ہین
حج مقبول کو اوسکی علامت یہہ ہی کہ حاجی اپ کو کنا ہو سی بچاوی اور حج اوسکا محض خدا کی واسطی
ہو ریا فخر وغیرہ کا دخل نہو اور بعضی محدثین کہتی ہین کہ حج کرنیوالیکے افعال و صفات بعد حج کے
پہلے سے بہتر ہو جاوین تو حج اوسکا مقبول ہی والا نا مقبول اور دوسری روایت ابوہریرہ سے
صحیحین مین اس طرح سی مذکور ہی کہ جسنے خدا کی لئی حج کیا اور عورتون سی خواہش کی بات چیت
نکی اور ساتہہ والون سی کالی کلوچ جھگڑا نکیا وہ پہرتی دفعہ ایسا پاک ہوا کہ یا کہ اوس دن اوس
کی انی جنا اور انحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا ہی کہ ساتہہ کرو حج اور عمرہ کو اس واسطی کہ یہہ دونون
دور کرتی ہین گناہون اور محتاجی کو جیسی دور کرتی ہی بہٹی میل لوہی کو اور سونی چاندی کو اور فرمایا انحضرت
صلی اللہ نی حج اور عمرہ کرنیوالی مہمان اللہ کی اور زیارت کرنیوالی اوسکی ہین اگر اوس سے کچہہ مانگین تو دیتا ہے
مغفرت چاہین تو بخشتا ہے دعا مانگین تو قبول کرتا ہی شفاعت کرین تو مقبول ہوتی ہی اور حج یہہ
دین ایک ایک کے بدلی لاکہہ لاکہہ ثواب ملیگا قسم ہے اوس ذات کی جسنے کیا ہے مجکو حق کہ
درم اولتی بہاری ہی تمہاری اس پہاڑ سے اور اشارہ کیا پہاڑ ابوقبیس کے طرف اور فرمایا
حضرت نی بہتر دنون سی وہ عرفہ ہے جو جمعہ کے دن پڑے اور اون دنون کا حج بہتر ہے اور
دنون کی شرح سی اور امام حسن بصری اپنی رسالہ مین لکہتی ہین کہ صحف آدم مین حق تعالی فرماتا ہے
کہ حج کی دن آہستہ لاکہہ فرشتے آتی ہین اگر کم ہوتی ہین تو فرشتون کو بہیج کر پورا کر دیتا ہون اوستر
ہزار فرشتے ہر روز طواف کعبہ کی نئی بہیجتا ہون تفاسیر مین لکہا ہے کہ ستاری نبیون نی پیادہ پا
حج کیا ہی اور حضرت آدم نے ستر اذیب سے پیادہ جاکر چالیس حج کئی ہین کہتی ہین کہ جبحضرت آدم حج
کو چلی تو فرشتون نی کہا ای آدم اچہا کر حج اپنا کہ بتحقیق ہمنی حج کیا ہی پہلی تجھسے دو ہزار برس
مختصر الکذانی فراد سبیل چوتھی فصل تارکین حج کے وعید کی بیان مین فرمایا انحضرت صلی اللہ

علیہ وسلم نے جو مالک ہوا توشہ اور سواری کا کہ پہنچا دی اوسکو بیت اللہ تک اور وہ حج نکرے
پس فرق نہین ہی اوسپر کہ مرے یہودی یا نصرانی ف یعنی اوسکا مسلمان اور یہودی اور نصرانی
ہونا برابر ہی تیہہ اس واسطے فرمایا کہ یہودی اور نصاری حج کی قایل نہین اور فرمایا حضرت صلی
اللہ علیہ وسلم نے جسکو منع نکری حج کرنیسے کوئی حاجت ظاہری یا بادشاہ ظالم یا مرض یا وکئی ذالا
پس وہ موا اور حج نکیا تہا پس وہ مری چاہی یہودی ہوکر یا نصرانی ہکر انہی کذا فی زاد السبیل **پانچوین**
**فصل** بیان مین اوس شخص کے سزا کی جو حج کی یا عمرکی رستہ مین مرجاوی عدۃ الاباۃ فی اماکن
الاجابۃ مذکور ہی کہ انحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو نکلی قصد کرکر اس گہر کا حج کرنیوالے
یا عمرہ کرنیوالی ہی ہے ذمہ اللہ کا اکر اوسکو پہیری پہیری مزدوری اور غنیمت کے ساتہہ اور اکر اوس
روح قبض کری داخل کری اوسکو جنت مین اور ابو الفضل کرمانی اپنی منسک مین لکہتی ہین کہ انس
رضی اللہ عنہ سی روایت ہی کہ فرمایا سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو سوا مکہ کی راہ مین آتی یا جاتی
بخشتا ہے حق تعالی اوسکی گناہ اور نکہولا جاویگا اوسکا دفتر حساب کا اور نہ تولی جاوین کی اوسکے
اعمال اور داخل ہوگا جنت مین بغیر حساب اور عذاب کے اور ایک روایت مین آیا ہے کہ ملیکا اوسکو
ثواب حج وعمرہ کرنیوالی کا قیامت تک اور بعض کتابون مین روایت ہی کہ پیدا کریگا ہی اللہ اوسکے
لئی ایک فرشتہ کہ حج کرتا رہیگا اوسکی واسطی قیامت تک انتہی کذا فی زاد السبیل **چہٹی فصل**
طریقہ اور احکام سفر حجکی بیان مین مختصر اجو سفر حج کا ارادہ کری اوسپر لازم ہی نیت خالص محض خدا
کے واسطی کرتی اور چاہی توبہ نصوح کرنا سب گناہون سی اور ادا کرنا قرض کا اور پہونچانا امانتون کا
اور عفو کرنا حقوق العباد کا جہان تک ہوسکی اور راضی کرنا دشمنون کا قبول ہونا توبہ کا اسپر موقوف
ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ نہین قبول کرتا ہے اللہ توبہ بندی کے یہان تک کہ راضی کری اوسنے دشمنون
کو پس جب راضی ہوئی دشمن راضی ہوتا ہی اللہ اور قبول کرتا ہے توبہ اوسکی اور ایک درم جو حق
دشمنون مین دیا جاوے بہتر ہے ادا کرنیوالی کے لئے عبادت ہزار برس سے اور واجب ہے ادا
کردینا نفقہ عیال اور اولاد کا اور جس کا نفقہ اسپر واجب ہے اپنی پہیرنے تک ان لوگون سے

ہرگز بی خبری نکری کہ حضرت نی فرمایا کافی ہی آدمیکو کہ کار ہوتی مین ضایع کرنا اپنی اہل کا اور راضی کرنا
چاہی والدین کو اور جسکی اطاعت اور نفقہ اوسپر واجب ہے والدین بیچ فرض کو ملنع ہون تو اونکا کہنا
نمانی نفل جسمین ضرر ہو اطاعت اونکی بہتری والدین ہون تو ادا اوادی کو مثل اونکی سمجھا چاہی اور
لکھنا چاہی وصیت کا کسی امین کی نام کہ وہ حقوق العباد اور حقوق اللہ جو اوسکی ذمہ پر ہون اوسکی بعد
ادا کری کہ حدیث سے ثابت ہے وصیت نامہ لکھکر سرانی رکھ چھوڑنا اور نماز اور استخارہ پڑھنے بعد کے حصن حصین
وغیرہ مین مذکور ہی واسطی اختیار کرنی وقت وراہ کی نہ واسطی اصل سفر کی اور استخارہ تین یا پانچ
یا سات بار کری اور مسواک سرمہ سلائی آئینہ کنگھی موئی ناکا مقراض چھری اور مزاد وضو کا برتن معہ الیا
مستحب ہے اور جمعرات یا پیر کے دن سفر کرے اور پہلی سفر کرنی سی احکام حجر وغیرہ کی معلوم
کری اور وطن سی ایسا رخصت ہو جیسا دنیا سی آخرت کو جاتا ہی اور گھر سی باہر اپنی پہلی سات قدم جو
کچھ دی اور دو رکعت نماز نفل ادا کری پہلی رکعت مین قل یا ایہا الکافرون اور دوسری مین قل ہو اللہ احد اور
بعد سلام کی یہہ دعا پڑہی اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِی السَّفَرِ وَالْخَلِیْفَۃُ فِی الْاَھْلِ وَالْمَالِ وَلَا یَقْرَبُ
وَالْاَحِبَّاءِ اَحْفَظْنَا وَاِیَّاھُمْ مِنْ کُلِّ اٰفَۃٍ وَعَاھَۃٍ یعنی ای اللہ تو ساتھی ہی سفر مین اور پیچھی خبر لینی
والا ہی گھر والون اور مال اولاد اور یارون اور بھائیون کا بچا کہو اور اونکو آفت سی اور مصیبت سے
اور عیب و نقصان پہنچی سورہ انا انزلنا اور یہہ دعا پڑہے بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ
اِلَّا بِاللّٰہِ بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی نَفْسِیْ وَمَالِیْ وَدِیْنِیْ اَللّٰھُمَّ بِکَ انْتَشَرْتُ وَاِلَیْکَ تَوَجَّھْتُ وَ
بِکَ اَعْتَصَمْتُ وَعَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ اَللّٰھُمَّ رَدِّدْنِی الْمَقْرُوْنَ وَاغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ
وَوَجِّھْنِیْ لِلْخَیْرَاتِ اَیْنَمَا تُوَجِّھْتُ یعنی سفر کرتا ہون مین ساتھہ نام اللہ کے بھروسا کیا مینی اللہ پر
اور نہین بچتا ہی گناہ سی اور نہین قوۃ ہی عبادت پر مگر اللہ کے جبت سے ساتھہ نام اللہ کی اعتماد کرتا ہون اپنی
ذات اپنی اور مال اور دین اپنی کی ای اللہ ساتھہ تیری ہی چلتا ہون مین اور طرف تیری ہی پہنچان کرتا ہون مین
اور ساتھہ تیری ہے بھروسا کرتا ہون مین اور تجھی پہ اعتماد کرتا ہون مین ای اللہ تو شہ دی مجکو تقوی کا اور
بخشدے میری گناہ اور متوجہ کر مجکو نیکون کی طرف جہان جاؤن اور جب باہر نکلی یہہ دعا پڑہی اَللّٰھُمَّ

اَنِّی اَعُوْذُ بِکَ مِنْ اَضِلَّ اَوْ اُضَلَّ اَوْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ اَوْ اَجْهَلَ اَوْ یُجْهَلَ عَلَیَّ بِسْمِ اللّٰهِ تَوَکَّلْتُ
عَلَی اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اَللّٰهُمَّ وَفِّقْنِیْ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی وَاعْصِمْنِیْ
مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ یعنی ای اللہ پناہ مانگتا ہون تری اس بات سی کہ مین گمراہ ہون یا گمراہ کیا جاون
یا ظلم کرون یا ظلم کیا جاون یا نادانی کرون یا نادانی کی جاوی مجھپر ساتھہ نام اللہ کے بھروسا کیا سوا اللہ
کے نہین ہی بچنا گناہ سی اور قوۃ عبادت پر مگر بسبب اللہ بڑے بزرگ کی ای اللہ توفیق دی مجکو اوس چیز
کی جسکو دوست رکھتا ہی اور جس سے تو خوش ہوتا ہی اور بچا مجکو شیطان مردود سی اور آیۃ الکرسی اور
اور سورہ اخلاص اور معوذتین پڑھکر پھر ساتھہ مسکین کو کچھہ دی اور سب سے رخصت ہوکر دعا جاوے
اور اب ہی وہ دعا پڑھکر جو باب اول مین مذکور ہوی سبکو رخصت کری اور مسافر تین ہی وہ دعا مین پڑھے جو باب مسافرت مین مذکور ہین
اور حج کی لئی مال طیب جمع کری مال حرام سی حج قبول نہین ہوتا مستطاع ابن العماد مین مذکور ہی کہ فرمایا
سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نی جب کوی حج کرتا ہی مال غیر حلال سی اور کہتا ہی لبیک حق تعالی فرماتا
ہی لَا لَبَّیْکَ وَلَا سَعْدَیْکَ وَحَجُّکَ هٰذَا مَرْدُوْدٌ یعنی لبیک پکارنا تیرا مقبول نہین اور یہہ
حج تیرا رد کیا گیا تجھپر مگر مال شبہہ سے فرض ساقط ہوجاتا ہی پس جسکی پاس مال شبہہ ہووہ قرض لیکر حج
کری اور اپنی مال شبہہ سی قرض ادا کری انشی کذا فی زاد السبیل الی دار الخلیل پھر جب ٹھہری سوارے
اسکی بیدار پر کہی اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اور سُبْحَانَ اللّٰهِ اور اَللّٰهُ اَکْبَرُ ف بیدا ایک بھکہہ بلند کا نام ہے
درمیان مکہ ا[illegible]

جب احرام با[illegible]

وَالنِّعْمَةَ لَکَ وَالْمُلْکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ یعنی حاضر ہون مین خدمت تیری مین یا اللہ حاضر ہون
مین خدمت تیری مین تحقیق تعریف اور نعمت تیری ہی لئی ہی یعنی انعام و احسان بندون پر تیری
ہی جانب سی ہی اور ملک تیری ہی لئی ہی نہین کوئی تیرا ف احرام مین کتے چیزون کو حرام کرتا ہوتا
ہی خواہ احرام حج کا ہو یا عمرہ کا تفصیل اوسکی فقہ کی کتابون مین دیکھنی چاہی اور قصد کرنیوالی حج کی
کو چاہی کہ اول طہارت اور غسل کری اور کپڑی بن سی یعنی بن ہوئی بدن پر پہنی اور خوشبو بدن کو

پھر نیت احرام کری اور اگر بدون نماز کے بھی احرام باندھی جایز ہی لیکن مکروہ ہے اور بعد نماز کی لبیک کہے
اور بعد اوسکی مسید کائنات پر درود بھیجے اور لبیک کہنا بعد نماز کی ہمارے نزدیک سنت ہے اور فرض
احرام کی دو ہین نیت اور مطلق ذکر لبیک ہو یا سوا اسکی اور سوا اور سوا لکی اور دو ہین سنت ہین یا مستحب
اور لبیک کہنا ساری حج مین ایکبار فرض ہے اور بار بار سنت اور مستحب ہے کہ جب لبیک کہے تین بار سے
کم نہ کہے اور زبان سے کہی دل سے کہنا مفید نہین لَبَّیْکَ لَبَّیْکَ وَسَعْدَیْکَ وَالْخَیْرُ
بِیَدَیْکَ لَبَّیْکَ وَالرَّغْبَاءُ اِلَیْکَ وَالْعَمَلُ لَدَیْکَ حاضر ہون خدمت تیری مین حاضر ہون خدمت
تیری مین اور مستعد ہون طاعت پر اور بہلائے ہاتون تیری مین ہے یعنی قبضہ قدرت و تصرف تیری مین حاضر
ہون خدمت تیری مین اور رغبت طرف تیری ہی اور عمل طرف تیری چرچتی ہین حاضر خدمت تیری مین
لَبَّیْکَ اِلٰہَ الْحَقِّ لَبَّیْکَ **اٹھوین فصل** فراغت بانی بقیہ کی بیان مین اور جب فراغت پاوے
لبیک کہنی سے مالکی حق تعالیٰ کی بخشش اوسکی اور خوشنودی اوسکی اور اوس سے ازادی کی مانگے **ف**
چنانچہ حدیث شریف مین یہہ اطاپڑتی آئی ہی بلکہ بعد ہر لبیک کے پڑہنا اوسکا سنت ہے وہ یہہ ہی اَللّٰھُمَّ
اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مَغْفِرَتَکَ وَرِضَاکَ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ سَخَطِکَ وَالنَّارِ وَمِنْ شَرِّ الْفِرَاقِ وَالنَّارِ یعنی الٰہی
تحقیق مانگتا ہون مین تجھسے مغفرت تیری اور خوشنودی تیری اپنی سی بچ دار نیغرت کی اور پہہ
کہ ازاد کری کری تو مجکو اوسسے **نوین فصل** طواف کے اور حجر اسود کی بوسہ دینے وغیرہ کے
بیان مین پس جب طواف کری جبکہ آوی رکن اسود کی پاس اللہ اکبر پاس اللہ اکبر کہی جہان لفظ رکن
مذکور ہوا وہی اوس سے وہ رکن مراد ہوتا ہے یعنی حجر اسود پس جب حجر اسود کی پاس پہونچی اوس کے
بسم اللہ اللہ اکبر لا الٰہ الا اللہ اور درود اور اللہ اکبر کہہ کر طواف شروع کری پھر جب ایک
دور پورا کر چکی کہ اوسکو بھوڑ کہتی ہین اسی طرح کرے پس سات شوط یونہین ادا کرے اور تکبیر کہے اور
ہاتھہ کندہون تک اوٹھاوے ہتھیلیان سامنی حجر اسود کی کرے پھر بوسہ دے اور طور بوسہ کا
یہہ ہی کہ دونون ہاتھہ حجر اسود پر رکھہ کر درمیان اون کی سر رکھکر بوسہ دے مگر اس طرح کہ آواز

زادی اور بوسہ سی نہین دی سکتا ہی ہاتھ لگا کر چومی جو یہہ بھی نہو سکی تو لکڑی وغیرہ لگا کر اوسی چومی یہہ موافق تصریح ہدایہ کی ہی اور جو یہہ بھی نہو سکی دونون ہاتون سی اوسکی طرف اشارہ کری مستحب ہی کہ حجر اسود پر سجدہ کری اور بوسہ دی تین بار یہ تہین کری اور کہی درمیان دونو رکنون کی رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ یعنی ای رب ہمارے ہمکو دنیا مین بھلائی اور آخرت مین بھلای اور بچا ہمکو عذاب اگ کے سی ف کعبی کی چار کونے ہین دو کو عراقی اور شامی کہتی ہین اور دو کو رکن اسود اور رکن یمانی کہتی ہین اور کبھی ان دو کو بھی رکنین کہتی ہین یہان وہی مراد ہین یعنی رکن اسود اور رکن یمانی کہ جانب جنوب کی ہین اور اسی طرح ر بنا پڑہی درمیان رکن اسود کی اور حجر کی

ف حجر کہتی ہین کعبی کی دیوار کو کہ جانب شمال کعبی کے ہی اگی یہہ دیوار کعبی کی تہی اب اسکو بری چہوڑ کر ورنہ دیوار کعبہ کی بنای ہی حجر بطور آدہی گہر کی

خاص درمیان رکن اسود اور مقام ابراہیم

اخلف علی کل غائبة لی بخیر یعنی یا اللہ قناعت دی مجکو ساتہہ اوس چیز کی کہ نصیب کی تو نی مجکو اور برکت دی میری لئی اوسمین اور خلیفہ ہو یعنی نگہبانی اوپر ہر چیز میری کی کہ غایب ہے ساتہہ بہلای کی اور ایک روایت مین یہہ کلمہ ہی پہلی دعا کی ساتہہ پڑہی آی ہین لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ **دسویں فصل** بیان مقام ابراہیم اور صفا مروہ مین جب فراغت ہاوی طواف سی اوی طرف مقام ابراہیم کی پس پڑہی یہہ آیہ وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهٖمَ مُصَلًّی یعنی اور پکڑو مقام ابراہیم کو جگہہ نماز کی اور کری مقام ابراہیم کو درمیان کعبی کی اور پڑہی دو رکعت پہلی رکعت مین پڑہی قُلْ یٰٓاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ یعنی بعد الحمد کی اور دوسری مین قل ہو اللہ احد ف مقام ابراہیم ایک پتہر ہی کہ حضرت ابراہیمؑ نی اوسپر کہڑی ہوکر لوگون کو بحسب حکم الہی کے حج کی لئی پکارا تہا چنانچہ وہ حکم بحج آیہ وَاَذِّنْ فِی النَّاسِ بِالْحَجِّ کی مذکور ہی یعنی اعلام کر لوگون مین ساتہہ حج کی اوسپر نشان قدمون حضرت ابراہیمؑ کا ہی اب سامنی کعبہ کی ایک حجری مین ہی پس اوسکی بھی کہڑا ہوکر دو گانہ پڑہی کہ وہ اسکی اور کعبی کی بیچ مین ہو جاوی یہہ دو رکعت ہر طواف کی بعد واجب

ہیں خواہ طواف نفل ہو یا فرض یا واجب اور یہ جگہ کہ اس نماز کی لئی بیان ہوی افضل ہے اگر اور جای بھی
پڑھی جایزہی پھر پھری طرف رکن کی یعنی حجر اسود کی پس چومی اوسکو یعنی دوبارہ یا ہاتھہ وغیرہی چھوئی پھر نکلی
دروازہ مسجد کی سی یعنی باب الصفا سی طرف صفا کی ف سنت یہ ہی کہ فی الفور بقصد سعی کی صفا کی طرف
نکلی بلا عذر تاخیر کرنی بری ہی اور عذری یا استراحت کی لئی واسطی دور کرنی اوذی کی اگر تاخیر کری مضایقہ
نہیں پس جب قریب ہوی صفا سی پڑہی یہ آیت اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ یعنی تحقیق صفا
اور مروہ نشانیون خدا کی سی ہی پھر کہی اَبْدَأُ بِمَا بَدَأَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ بِهٖ یعنی ابتدا کرتا ہون میں یعنی سعی میں
ساتھہ اوس چیز کی کہ ابتدا کی اللہ عزوجل نے ساتھہ اوسکی یعنی ساتھہ ذکر صفا کی پھر چڑہی صفا پر یہان تک
کہ دیکھی خانہ کعبہ کو ف اگلی زمانہ میں کوٹھہ کعبہ کا صفا پری معلوم ہوتا تھا اب بنا حرم سے چھپ گیا ہی مگر بعض
جگہہ صفا پر کسی اگر دوارہ [illegible]
کہی وحدانیت خدا کی اور [illegible]
کہتا ہی تین بطور دعا کی اوپٹھاوی اور کہی لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ
يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ اَنْجَزَ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَهَزَمَ
الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ یعنی نہین کوی معبود مگر اللہ تنہا نہین کوی شریک اوسکا اوسکی لئی بادشاہت ہی اور اوسی کے
لئی سب تعریف ہی وہی جلاتا ہی اور مارتا ہی اور وہ ہر چیز پر قادر ہی نہین کوی معبود مگر اللہ تنہا پورا کیا وعدہ
اپنا یعنی فتح مکہ ہوا اور تقویت دین کی ہوی اور مدد کی بندی اپنی کی یعنی رسول خدا کی اور شکست دی کفار کی
گروہون کو تنہا ف یعنی غزوہ خندق مین کہ قریب بارہ ہزار کی کفار سوای بنو قریظہ اور نضیر کی جمع ہوکر
مدینہ پر آچڑہی تھی اور ارادہ لڑای کا سرور عالم علیہ السلام سے رکھتی تھی اللہ تعالی نی ہوا کو اوپر لشکر انکے
کو اوپر متعین کیا کہ ہلاک اور خراب کیا اور یہ کلمہ احتمال ہے کہ سوای توحید و تکبیر کی فرماتی ہون اپنی نماز
توحید و تکبیر کا ہو پھر دعا کری درمیان اوسکی اور کہی یا اوسکی تین بار ف یعنی کلمہ مذکورہ وغیرہ پڑہی اور دعا کری تین بار
پھر اوتری صفا سی اور قصد کری مروہ کیا یہان تک کہ جب اوتری دونون پاون اوسکی بیچ نشیب نالہ کے
دوڑی یہانتک کہ جب چڑہی چلی اپنی چال ف یعنی جب بستی نالہ سی بلندی مروہ پر چڑہنی لگی تو دوڑنا

موقوف کری آہستہ چلی اور یہ سنتی بلندی اگلی زمانہ مین تھی اب برابر ہی کر بجای دوڑنیکی نشانی بنادی ہی
اوسکو میلین اخضرین کہتی ہین پس اوس جگہہ سی دوڑی ادای سنت کی لئی یہان تک کہ جب آوی مروے
پر جیسکہ کیا تہا صفا پر **ف** یعنی متوجہہ قبلہ کو ہوکر تکبیر و غیرہا کہی پہر ویسی اوتر کر صفا کو جاوی اور
سعی کری اور سات پھیرے نہین کری صفا سی مروہ تک ایک شوط ہوتا ہی اور مروہ سی صفا تک دوسرا شوط یہہ سات

و آنا مسلمٌ یعنی یا اللہ تحقیق تو نی فرمایا ہی دعا کرو مجہی قبول کرونگا دعا تمہاری اور تحقیق تو نہین
خلافت کرتا ہی وعدی کو اور تحقیق مین مانگتا ہون تجہسی کہ جیسکہ ہدایت کیا تو نی مجکو واسطی اسلام کے

ہی بزرگتر **گیارہوین فصل** بیان عرفات مین جب چلی طرف عرفات کی لبیک کہی اور تکبیر **ف**
یعنی کبہی لبیک کہی راہ مین اور کبہی تکبیر لیکن علمانی لکہا ہی کہ لبیک کہنی سنت ہی اور تکبیر کہنی جایز
اور حضرت نی فرمایا کہ بہترین دعا کی دعا یون عرفہ کی ہی اور بہترین اوس چیز کا کہ کہا مینی اور سب
انبیانی کہ پہلی مجہسی
وھو علی کل شئی قدیر

لئی ہے بادشاہت اور اوسیکی لئی ہی تعریف سب اور وہ ہر چیز پر قادر ہی اور فرمایا کہ اکثر دعا میرے
اور دعا انبیا کی کہ پہلی مجہسی ہے دن عرفہ کی یہہ ہی لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک
ولہ الحمد وھو علی کل شئ قدیر اللھم اجعل فی قلبی نورا وفی لسانی نورا وفی سمعی نورا
وفی بصری نورا اللھم اشرح لی صدری ویسر لی امری واعوذ بک من وساوس
الصدر وشتات الامر وفتنۃ القبر اللھم انی اعوذ بک من شر ما یلج فی اللیل

اوسکی لئی ہے بادشاہت اور اوسکی لئی ہی سب تعریف اور وہ ہر چیز پر قادر ہی یا اللہ کردل میرا بہتر یا اللہ کھول میری لئی سینہ میرا اور آسان کر میری لئی سب کام میری اور پناہ پکڑتا ہون مین ساتھ تیرے وسوسون سینہ کی سی اور پراگندگی کام کیسی ارفتہ فر کیسی یا اللہ تحقیق مین پناہ پکڑتا ہون ساتھ تیری برائی سے اوس چیز کی سی کہ داخل ہوتی ہی رات مین اور برائی اوس چیز کی سی کہ داخل ہوتی ہی دن مین یعنی قسم ہوتی ہی اور برائی اوس چیز کی سی کہ چلاوین اوسکو ہوائین یعنی شیاطین جنات **ف** کلمہ کو دعا اسلئے فرمایا کہ تعریف کرنی کریم کی حقیقت مین دعا ہوتی ہی کنایہ اور علامت شرح صدر کی حدیث شریف مین آیا ہے ہی کہ بیزاری ہو دنیا سی اور رجوع ہو طرف دار الخلود کی اور مستعد ہو واسطے موت کی پہلی آنی اوسکی سی اور مراد دنیا وسوسون سینہ کی سی پناہ اون چیزون سی ہی کہ باعث وسواس کے ہون یعنی لغو وشیطان اور پراگندگی کام کی یعنی پراگندگی امرون کی بسبب مشغول ہونی کی ساتھ امور دنیا کی اسی لئی بنا ہی ارفتہ قبر کا یعنی حیرانی جواب منکر نکیر کی سی اور لبیک کہنی عرفات مین سنت ہے **ف** یعنی پہلی وقوفکی روز عید قربکی رمی جمار تک لبیک کہنی سنت موکدہ ہی والا ہر حال مین بعد احرام کے مستحب ہے لیکن شروع احرام مین واجب ہے اور جب وقوف کری عرفات مین اوسکی لبیک اللھم لبیک یعنی حاضر ہون خدمت تیری مین یا اللہ حاضر ہون خدمت تیری مین تو کہی بعد لوسکی انا الحاکم وحیذ اکا نخ قریب یعنی سوای اوسکی نہین کہ بیلائی بھلائی آخرت کی ہی پس جب پڑہی عصر کی اور وقوف کری عرفات مین اونہای امام اسنے **ف** عرفات مین عصر کی نماز ظہر کی ساتھ پڑہ لیتی ہین اوسکی بعد عرفات مین وقوف کرتی ہین یعنی نہیں رہتی ہین کہ بعد وقوف فرائض وجمع سی ہی بعد وبعد ولیلی تاریخ نوین کی تمام شب دسوین تک وقت وقوف کا ہی اگر ایک ساعت سے اوسمین وقوف کریگا فرض ادا ہو جاویگا اور سنت یہہ ہی کہ بعد غروب کی واپس پھری اور کہی بعد نماز عصر کی عرفات مین اتہہ اونہا کر اللہ اکبر اللہ اکبر ولله الحمد اللہ اکبر اللہ اکبر ولله الحمد لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد اللھم اھدنی بالھدی ونقنی بالتقوی واغفر لی فی الاخرۃ والاولی یعنی اللہ سب تعریف کی لئی سب تعریف سی اور اللہ بہت بڑا ہی اور اللہ کی لئی سب تعریف ہی اور اللہ بہت بڑا ہی اور اللہ کے

ی سب تعریف ہی ہمین کوی معبود مگر اللہ تنہا ہمین کوئی شریک اوسکا اوسکی لئی بادشاہت ہی اور
[illegible] یعنی عیبون ظاہر و باطن کمیی عیب
[illegible] دین و دنیا مین سرزد ہوی ہین
بخشندی اور پھر چھوڑدی ہاتہہ اپنی پھر چکارہی دعا پر بنی ہی مقدار پر بنی آدمی کی الحمد کو پھر سورہ کوی یعنی
پھر دعا پڑہی پس اونہادی ہاتہہ اپنی اور کہی استاد اوسکی یعنی دعا وغیرہ پڑہی **فصل بارہوین** بیان
مین پھرنی عرفات سی اور آی مشعر الحرام پر اور جب پھری عرفات سی اور اوی مشعر الحرام پر سو ہنہ کرے
قبلہ کی طرف پس دعا کرے خدا تعالی سی اور ساتہہ تکبیر اور تہلیل اور توحید کی یاد کری اوسکو یعنی اللہ اکبر
لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ کہی ان عائشہ کہ ایہا تک روشن ہووے صبح خوب **ف** عرفات سی
پھر کر رات کو مزدلفہ مین رہتی ہین کہ سنت موکدہ ہی وہان کا رہنا پھر صبح کی نماز اول وقت پڑہ کر
مشعر حرام پر کہ نام پہاڑ مزدلفہ کا ہی وقوف کرنی ہین مطلق وقوف کرنا وان کا واجب ہے اگرچہ ایک
ساعت ہی ہو اور اس قدر کہ مذکور ہوا وقوف کرنا سنت ہی اور وقت وقوف کا طلوع صبح صادق
سی طلوع آفتاب تلک ہے اگر اسکی پہلی یا پیچہی کریگا معتبر نہین **فصل تیرہوین** رمی جمار کی بیان مین
اور ہنہ لبیک کہتا رہی یعنی احرام کی دن سی جگہون مقرر پر یہان تلک کہ رمی کری جمرہ کو یعنی جمرہ
العقبی کو **ف** جمرہ اصل مین سنگریزہ کو کہتی ہین پھر اب نام اونکا ستارون پر ہوگیا ہی جمرہ کنکر مارتی ہین
وہ تین ہین ایک جمرہ اولی جسکو جمرہ دنیا بہی کہتی ہین اور دوسری جمرۃ الوسطی اور تیسری جمرۃ العقبی
رمی کرنی اونکی واجب ہے دسوین تاریخ جمرۃ العقبی پر فقط رمی کرتی ہین یعنی کنکر مارتی ہین اور اول
کنکر مارنی مین لبیک کہنی موقوف کرتی ہین اور گیارہوین بارہوین تینون کو رمی کرتی ہین اور تیرہوین

ہر کنکری کی پہر اکی بڑی تہوڑا سا یعنی بعد رمی جمرۃ الدنیا کی پس ہٹری زمین نرم مین پس کہڑا ہو مقابل قبلہ
کی کہڑا ہونا دراز پس دعا کری اور اونہادی ہاتہہ اپنی پہر رمی کری جمرۃ الوسطی پر اسی طرح یعنی مثل جمرۃ

اور میرے نزدیک اوسکی ف جمرۃ الدنیا کی اسی دیر تک مستحب ہے چنانچہ بعضی روایت مین ہے بقدر پڑھنے
سورہ بقر کی آیا ہی پھر کھڑی ہو کر اللہ تعالی کی حمد اور تکبیر و تہلیل و تسبیح کری اور درود پڑہی اور بحال خضوع
اور خشوع سی دعا اپنی لمبی اور والدین کی لمبی کری اور بخشش چاہی اور بعد سے جمرۃ العقبی کے نہ ٹہیری پہلی
دن اور دوسری دن نہ تیسری دن اور دعا کرنے مین اختلاف ہی بعضی کہی ہین ٹہیری نہین چلتی مین دعا
کرتا جاوی اور بعضی مطلق دعا کرنی منع کرتی ہین اور داخل ہووی نشیب الی مین یعنی رمی جمرۃ العقبہ کے
لئی یہان تک کہ جب قراءت پاوی پڑہی اَللّٰھُمَّ اجْعَلْہُ حَجًّا مَبْرُوْرًا وَّذَنْبًا مَغْفُوْرًا یعنی یا اللہ کر
حج ہماری کو حج مقبول اور کر گناہ ہماری کو گناہ بخشا گیا ف حج مبرور اوسکو کہتی ہین جسمین گناہ نہ ہوا
نہو اور دعا کری پاس ہر جمرات کی اور نہ مقرر کری کوی دعا یعنی جو چاہی مانگی ف اس حدیث سی معلوم
ہوتا ہی کہ جمرۃ العقبہ کی پاس ہی دعا کری اگرچہ بغیر ٹہیرے ہی ہو **چودھوین فصل** ذبح قربانی کے
بیان مین جانا چاہئی کہ جب ذبح کری قربانی بسم اللہ واللہ اکبر کہی اور کہی یا تو ابنا اور صفاح اوس کے
کی یعنی چوڑا وکالہ قربانی کی اور سب کے وقت ذبح قربانی کی بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ تَقَبَّلْ مِنِّیْ وَمِنْ اُمَّۃِ
مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یعنی ذبح کرتا ہون مین ساتھہ نام خدا کی یا اللہ قبول کر مجھی یعنی قربانی میرے
اور امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی یعنی قربانیان اونکی ف اگر نام اللہ تعالی کا ذبح کی وقت فصد اکر
کری وہ جانور کیا حرام ہوگا پس لفظ بسم اللہ کا کہنا ضرور ہی اور بسم اللہ واللہ اکبر کہنا مستحب ایسی ہے
اور دعائین کہ حدیثون مین مذکور ہین اولی ہی پڑہنا اونکا **پندرھوین** فصل خانہ کعبہ کے
بیان مین اور جب داخل ہووی خانہ کعبہ مین تکبیر کہی چہ چاروں کونون اوس کی اور دعا کری پھر سب کونون
کہی سے پس جب نکلی پڑہی سامنی کعبہ کے دو رکعتین اور داخل ہووی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کعبہ مین اور
اسامہ اور عثمان بن طلحہ حجبی اور بلال بن رباح پس بند کیا دروازہ اوسکا عثمان نی اور پہر اتھہرے کی یعنی
لوگ بہتیرے اور شیری پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم اوسمین پس پوچہا مین یعنی ابن عمر نی بلال ہی جو وقت

نکلی پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم کہ کیا کیا رسو نخدا صلی اللہ علیہ وسلم نی یعنی کعبہ مین ٹہیر کر پس کہا
بلال نی کہ کیا پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی ایک ستون بائین طرف اپنی اور دو ستون دائین طرف
اپنی اور تین ستون پیچہی اپنی اور تہا کعبہ اوسدن اوپر چہ ستونون کی یعنی اب تین ستون
ہین پہر نماز پڑہی یعنی حضرت نی **سولوین فصل** ا زمزم کی بیان مین اور جب پہوے
کوی پانی زمزم کا پس متہہ کری کعبہ کے طرف اور بسم اللہ کہی اور تین دم لی یعنی تین دم
مین پیوی اور ہر دم مین برتن مونہہ سی جدا کری اور سیراب ہو وی اوس سی یعنی بہت پیٹ
بہر کر پیوی کہ کوکہین تن جاوین پس جب فراغت پاوی پس تعریف کری خدای تعالی کی یعنے
الحمد کہی تحقیق نشانی فرق کی درمیان ہماری اور منافقون کی یہہ ہی کہ سیراب نہین ہوتی
ہین ذزمزم سی **ف** یعنی علامت مومنین کی یہہ ہی کہ یہہ پانی پیٹ بہر کر پیتی ہین اور علامت
منافقین کی یہہ ہی نہین پیٹ بہر کر پیتی اوسکو اور زمزم نام کوئین کا ہی اسّیس ہات گز کا فرق
کعبی سی رکہتا ہی اول حضرت جبریل نی پانی اوسکا نکالا حضرت اسمعیل ع م کی لئی پہر حضرت
ابرہیم ع م نی کہود کر کنوان بنایا پہر اٹ گیا تہا عبد المطلب نے صاف کیا پس پانی اوسکا
سب پانیون پر افضل ہے بلکہ بعضون نی آب کوثر پر افضل کہا ہی اور فرمایا انحضرت صلی
اللہ علیہ وسلم نی کہ پانی زمزم کا واسطی اوس چیز کی ہی کہ پیا جاوی واسطی اوسکی یعنی
جس نیت سی پیوی حاصل ہو پس جو پیوی تو اوسکو حال یہہ کہ شفا چاہتا ہو ساتہہ اوس کے
شفا دی تجکو اللہ اور جو پیوی تو اوسکو حال یہہ کہ پناہ چاہی ولا ہو وی پناہ دی تجکو خدا
اور جو پیوی تو اوسکو کہ بجہاوی تو پیاس آپ بجہاوی کا خدا پیاس کو اور کہتی ابن عباس پیتے
پانی زمزم کا کہتی اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ عِلْمًا نَافِعًا وَّرِزْقًا وَّاسِعًا وَّشِفَآءً مِّنْ کُلِّ
دَآءٍ یعنی یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجسی علم نفع دینی والا یعنی مجکو اور اوردن کو کہ وہ علم
معرفت اور علم کتاب و سنتہ کا ہی کہ باعمل ہو اور رزق فراخ اور شفا ہر بیماری ہی یعنی ظاہری
ہو یا باطنی اور جب آئی پیشوا دلیل اسلام کی کہ نام اونکا عبد اللہ بن مبارک ہے کوی زمزم پر

اور چاہا اوس پانی بنیا پھر متوجہ ہوی قبلہ کی طرف کہا یا اللہ تحقیق ابن ابی الموال نے یعنی اوس کے
اوستاد نی روایت کی ہمکو محمد ابن منکدر سے کہ روایت کی جابر سے یہہ حدیث کہ تحقیق رسولخدا صلے
اللہ علیہ وسلم نی فرمایا کہ پانی زمزم کا واسطے اوس چیز کی ہی کہ پیا جاوی واسطے اوسکی اور یہہ پانی
پیا ہوا ہین اوسکو واسطے ساہین بجہنی کی دن قیامت کی پھر بیان **فصل** عبداللہ ابن مبارک سے
عابد زاہد بزرگ قدر شناسا امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی ہین **سترہوین فصل** بیان مین جگہون
اور وقتون قبولیت دعا کی جانا چاہی کہ کی اور اوسکی اثرات مین دعا قبول ہونیکی بہت مقام ہین اوّل
جب کعبہ پر نظر پڑی دوسرا حجر اسود کی پاس خصوصا دوپہر کی وقت تیسرا ملتزم مین آب کی سامنی جو تہا ملتزم
کی ترسیب خصوصا آدہی رات کو پانچوان حطیم مین چہٹا میزاب رحمت کی نیچی خصوصا صبح کی وقت ساتوان
رکن یانی کی پاس خاصہ صبح کو آٹہوان مابین رکن یانی اور باب مسدود کی کہ پشت کی جانب خانہ کعبہ کے
سامنی اوس دروازہ کی تہا اوس مقام کو مستجار کہتی ہین نوان درمیان رکن یانی اور حجر اسود کے
دسوان مقام ابراہیم کے پاس خصوصا صبح کو گیارہوان زمزم پر خصوصا غروب کی وقت بارہوان
خانہ کعبہ کے اندر چارون کونون مین اور ستونون کی درمیان خصوصا زوال کی وقت تیرہوان چودہوان
صفا مروہ پر خصوصا بعد عصر کی پندرہوان مابین الیلین سولہوان سترہوان عرفات پر دو مقام ہین ایک
پہری کی درخت کی نیچی زوال کی وقت دوسرا جبل رحمت کے پاس طرف سورج ڈوبی اٹہارہوان مشعر
الحرام پر سورج نکلنی سی پہلی اوننیسوان بیسوین منی مین دو مقام ہین ایک مسجد خیف کی پاس دوسرا جہان
کنکریان ملتی ہین خصوصا چودہوین کی آدہی رات کو سوای کی اور مقامات ہی لوگون نی کہی ہین مگر
مشہور ذکر ہوی ہلا علی تاری فراتی ہین بہتر دعاون سی یہہ دعا ہی اَللّٰھُمَّ اَدْخِلْنِی الْجَنَّۃَ
بغیر حساب نقل ہی کہ کسینی امام ابوحنیفہ رحمی پوچہا کہ جب کعبہ کو دیکہون کو کیا دعا پڑون فرمایا اپنے
مستجاب الدعوات ہونیکی اس لئی کہ اگر یہہ دعا قبول ہوی تو ہماری دعائین قبول ہوین انتہی مختصر الکدانی
زاد السبیل **اٹہارہوین فصل** مختصر زیارت مدینہ منورہ اور روضہ مبارکہ اور امورات ضروری
اوسکی مین معلوم کرنا چاہی کہ زیارت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی افضل عبادات سی قریب واجب کی ہی

بلکہ بعض کے نزدیک عین واجب ہے سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہین کہ جسنی حج کیا نجاے کعبہ کا اور میری زیارت نکی پس تحقیق اوسنی ظلم کیا پھر اور فرمایا جسنی حج کیا اور زیارت کی قبر میری کی بعد وفات میری کی گویا اوسنی زیارت کی میری زندگی مین اور فرمایا جسنے زیارت کی میری واجب ہے اوس کی لئی شفاعت میری اور فرمایا خاک مدینی کے شفا ہے واسطی جذام اور برص کے اور واسطی بیماری کی اور فرمایا جو سہاری سختی اور شدت مدینی کی کو ہوسکا مین اوس کی لئی گواہ یا فرمایا شفیع قیامت کی دن اور فرمایا جو میری مسجد مین چالیس نمازین پڑہی کہ ناغہ نہوا وسمین سی کوئی لکہا جاویگا اوسکی لئی بیجاؤ دوزخ سی اور عذاب اور نفاق سی پس اگر حج کرنا اوسپر فرض ہی اور حج کی مہینی شروع ہوئی تو بہتر یہہ ہی کہ پہلی حج پہر زیارت کری اور اگر حج نفل ہی یا فرض ہی مگر ابہی حجکی مہینی شروع نہین ہوئی تو اختیار ہی چاہی پہلی حج ادا کری چاہی پہلی زیارت اور جب قصد روضہ مقدسہ کی زیارت کا کری تو نیت مسجد نبوی کی بہی شامل کرلی اور راہ مین فرایض و واجبات و سنن کو بخوبی بجالاوے اور محرمات اور مکروہات سی پرہیز کری اور کمال پاکی و طہارت و عاجزی کی ساتہہ روانہ ہو اور جتنی مسجدین مکہ سی مدینہ تلک راہ مین ملین اون مین نماز پڑہتا جاوی اور زیارت کرے حضرت میمونہ کی قبر کی جو مقام سرف مین تنعیم اور وادی کی درمیان ہی اور وہان ایک مسجد بہی بنی ہوی ہی وہان دعا مانگی اور راہ مین جب نماز وغیرہ ضروریات سی فارغ ہو درود پڑہتا رہے جب درخت مدینی کی نظر پڑین کہ مستی درود پڑہی اور شوق مین اگر تیز چلی اور ہوسکی تو پیادہ ہو سکی تو پاؤن رونا ہوا عاجزی کرتا ہوا روانہ ہو جب حرم مدینہ دیکہی یہہ دعا پڑہے اَللّٰهُمَّ هٰذَا حَرَمُ نَبِيِّكَ فَاجْعَلْهُ وِقَايَةً لِّي مِنَ النَّارِ وَأَمَانًا مِّنَ الْعَذَابِ وَسُوْءِ الْحِسَابِ یعنی اے اللہ یہہ حرم نبی تیری کا ہی پس کر اسکو بچاو میری لئی دوزخ سے اور امان عذاب ہی اور برای حساب سے اور ہوسکے تو پہلی یا پچہی داخل ہونیسی غسل کری اور اچہی کپڑی پہن کر خوشبو لگاوی اور کمال تواضع اور نیاز کی ساتہہ مدینہ مین داخل ہو پہر مسجد مین

شریف کی سامنی محراب کی دو کانہ تحیۃ المسجد کا قبلہ اقل ہوا اور کی سامنے پڑھی کہ فرمایا حضرت نے درمیان
کہہ اور منبر سے کی ایک ہاتھ ہی ہاتھوں بہت سی اکر وہاں جگہ پاوی تو مسجد میں جہاں جگہ پاوی پڑھیے
پھر سجدہ شکر کا ادا کری کہ اوسی وہاں پہونچنی کے توفیق بخشی اور جو چاہی سو دعا کی پھر سرانی
کی طرف بکمال ادب و توجہ قلبی کے سامنے درود و سلام پڑھیے اور سلام پہونچاوی اوس شخص
کا جسنے اوسی وصیت کی ہو پھر سرانی سی ہٹ کر مسجد جدید عثمان کی طرف جاکر چہرہ مبارک کی سامنے
پشت قبلہ کہڑا ہو اور درود و سلام پڑھی جتنا چاہی پھر ایک اتہ داہنی طرف ہٹ کر سامنی روی شریف
حضرت ابوبکر صدیق کی ہو کر سلام کہی پھر اپنی اور اپنے باپ کی لئی اور جسنی درخواست کی ہو دعا کی اوس کے

جالر دو کانہ پڑھی اور توبہ اور دعا کری پھر مسجد شریف میں مسار پڑی اور تسبیح و صلوات و استغفار
کری پھر منبر پاس درود پڑھی اور دعا کی پھر ستون خانہ کی پاس بھی جاکر ایسا کری اور مستحب ہے
کہ روز مسجد زیارت حضرت کی بقیع کی بھی زیارت کری کہ وہاں ہزار اصحابی مدفون ہیں اور ازواج
مطہرات بھی سوائی حضرت میمونہ اور خدیجہ کی اور بیٹیاں حضرت کی بھی وہاں ہی مدفون ہیں پھر نماز
پڑھی مسجد فاطمہ میں کہ بقیع میں ہی اور سکو مسجد الحزن بھی کہتی ہیں اور مستحب ہے زیارت شہداء احد کی جسرات کو
اور وقت زیارت کی سلام علیکم بما صبرتم فنعم عقبی الدار سلام علیکم دانا ان شاء
مومنین وانا ان شاء اللہ بکم لاحقون اور آیۃ الکرسی اور قل ہو اللہ پڑھی اور مستحب ہے زیارت
حضرت اسماعیل بن امام جعفر صادق کی اور مالک بن سنان اور نفس زکیہ حضرت مہدی پوتی حسن
مثنی کی اور مستحب ہے زیارت اون مساجد کے جنمیں حضرت نی نماز پڑھی جیسی مسجد قبا کہ حضرت نی دو رکعت
کو وہاں کی برابر ایک عمرہ کی فرمایا ہی اور مسجد الجمعہ اور مسجد الفتح کہ اوسکو مسجد الشمس بھی کہتی ہیں اور مسجد
بنی قریظہ اور مسجد شجرہ ابراہیم بن رسول اللہ اور مسجد بنی ظفر اور مسجد الاجابہ کہ دو دعا میں حضرت

ن دوان قبول ہوئین ایک امت کا قحطسی نہ مرنا اور دوسرے غرق سی ہلاک ہونا اور مسجد الفتح جسکو مسجد
الاخراب اور مسجد الاعلی بھی کہتی ہین اور مسجد سلمان فارسی اور مسجد ابی بکر اور مسجد قبلی اور مسجد نبی حرام اور
مسجد القبلتین اور مسجد القبا اور مسجد الرایہ اور مسجد صغیر اوسکو مسجد الفتح بھی کہتی ہین کہ آیت یا ایہا الذین
امنوا اذا قیل لکم تفسحوا فی المجالس الخ وان نازل ہوی ہی اور مسجد ابی ذر کہ امیر حمزہ کی درگاہ کو
جاتی ہوی راہ مین دامین طرف پڑتی ہی اور مسجد ابی بن کعب کہ بقیع مین ہی اور مسجد مصلی عید اور وان
مسجد ابو بکر اور مسجد عمر اور مسجد علی بھی مشہور ہین ان مساجد مین نماز پڑہی اور روزی رکہنی مدینی
مین اور اعتکاف کرنا

کنوین کی جنین حضرت

اور غسل کری اگر حرج نہو ایک اون مین سی بیر ابیس ہی اور دوسرا بیر مغس اور تیسرا بیر عرس اور چوتہا بیر
پانچوان بیر حاء اور چہا بیر بضاعہ اور ساتوان بیر رومہ ہی انتی کنوانی زاد السبیل

## انیسوین فصل

بیان مین رخصت ہونی مدینی کی سی جبے تہ سی چلی دوکانہ رخصت کا مسجد نبوی مین پڑہی اور
جو حضرت کی مصلی پر پڑہ سکی تو نہایت بہتر ہی اور دعا مانگی زیارت کی مقبول ہوتی اور پہر حاضر
ہونیکی اور جو چاہی دین دنیا کی بہلائی سی اور روضہ مقدس پہ حاضر ہوکر اور درود وسلام عرض

غنیمت اور امن والی مسافت رحمت اپنی کی اپنی سب سے زاید رحم کرنیوالی اور وقت رخصت نے مبالغہ
کری کریہ وزاری اور الحاہ بہائی مین کہ یہہ علامت قبولیت کی ہی پس پہر ہی حسرت کرتا ہوا اپنی جدائی
پر حضوری کشرت سی اور خیرات کری جو میسر ہو کہ یہہ باعث نجات ہی ہر آفت سی اور موجب سلامت ہے

ہر علامت سی اور ہر بہری کہ مدینہ ہی جہواری شمل جمعہ برلی ہلیہ کی اور حاک صفا اور بابی مسالون کہودن
کا اور تبرکات مثل اوسکی بیاہتہ لیجانی اور ایسی ہے کہ کی ہی بابی زمزم کا اور سوای اوسکی تبرکات ہمراہ لے
لیکن راہ مین اگر بابی زمزم کا بعد وضو یا غسل کے اسکی پاس ہوگا تو اوسکو قیمم جایز نہین کہ بابی اوسکے
پاس ہی مگر اس حیلہ سی کہ اوسمین اوس قدر سی زاید گلاب یا کیوڑہ ملاوی یا اوسکو اپنی ساتھی کو بخشدے
پر بوقت پہونچنی کی اوس سے پہر لے اتنی کوتاہی زاد السبیل **تیسون فصل** سفر کی پہر نیکی
بیان مین اور داخل ہونیکی اپنی کہر مین پس جب پہری سفر اپنی سی تکبیر کہی اور پر بلند ہے زبین
سے تین تکبیر مین پہر کہی لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَ
ھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اٰئِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ سَاجِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ
صَدَقَ اللّٰہُ وَعْدَہٗ وَنَصَرَ عَبْدَہٗ وَھَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَہٗ یعنی نہین کوی معبود مگر اللہ
ایکسا وہ نہین کوی شریک اوسکا اوسی کی لیے بادشاہت ہی اور اوسی کی لیے تعریف ہی اور وہ ہر چیز پر
قادر ہی ہم پہر نیوالی ہین توبہ کرنیوالی ہین بندگی کرنیوالی ہین سجدہ کرنیوالی ہین چلنی والی ہین اپنے اللہ کے
راہ مین ثنا کی لیے واسطے پروردگار اپنی کی تعریف کرنیوالی ہین سچ کیا اللہ نے وعدہ اپنا اور مدد کی
بندی اپنی کی یعنی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے اور شکست دی کفار کے گروہون کو اکیلے اوس
سب اوسی نزدیک سے پہرنے کی کہی اٰئِبُوْنَ تَائِبُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ یعنی ہم پہر نیوالی ہین توبہ
کرنیوالی ہین واسطے پروردگار اپنی کی تعریف کرنیوالی ہین اور ہمیشہ کہتا ہے ان کلمون کو یہان تک کہ داخل
ہووی شہر اپنی مین اور اپنی پہونچنی سے پہلی خبر کردی اپنی کہر والون کو تا وہ استقبال کرین اوسکا



توبہ طرف پروردگار اپنی کی اور حالانکہ پہر نیوالا ہوں سفر سی وہ توبہ کرتی ہوی ہمپر لوی ہمپر لوا ہمپر لوا ہون پہر لوا ہون
حالانکہ توبہ کرنیوالا ہوں پروردگار اپنی سی ایسی توبہ کہ نہ چہوڑی ہمپر گوی گناہ تہر کہر مین جا کر دوگانہ تحیۃ المسجد
کا پڑہنی اور ہمیشہ مانند ثابت خیر و صلاحیں پہلی سے زیادہ تر مشغول رہی کہ ہہ علامت سے حج مبرور کی

انہی خاتمہ چند مسایل متفرقہ ضروریہ مین مسئلہ محرم یعنی احرام والا اگر عضو کامل یا تمام بدن نوایت
مجلس مین خوشبو لگادی یا کپڑی یا فرش کو نہوڑایا بہت خوشبودار کری یا ڈاڑہی یا سر کی بالون کو
منہدی سی رنگین کری یا کھیر وسی وسہودی یا عین خوشبو کو قدر کثیر کہای یعنی جیسی دو چلو کلاب اور
کیوڑہ اور مشک مین کثیر وہ جسکو لوگ کثیر جانتے ہین بعضی کہتے مین کثیر وہ جو اکثر مونہہ مین لگتا ہے
یا دو مرتبہ سی زاید سر مہ خوشبودار لگادی اوسپر دم یعنی قربانی لازم ہی اور اگر اس سی کمتر ہو
تو صدقہ دی مثل صدقہ فطر کے مسئلہ خوشبو اگر ہلکی اور تہوڑی ہو تو پورا عضو اور تیز اور بہت
تو چوتہای عضو دم کی لازم آتی ہین معتبر ہی مسئلہ خوشبو کی استعمال کرنی مین قصداً اور بسہو اور
خوشی اور جبر برابر ہی یعنی ہر حال مین جزا لازم ہی مرد ہو یا عورت مسئلہ اگر منہدی سر پہ جادی تو دو
دینا چاہی ایک خوشبو کی بدلی دوسری سر ڈاکنی کے عوض مسئلہ اگر چند عضو کو کئی مجلس مین خوشبو
لگائی ہر ایک کا کفارہ جدا دی مسئلہ اگر مشک یا کافور یا عنبر کپڑی کو نہین باندہی تو فطرہ کی برابر صدقہ
کر دو کپڑی مین باندہنا یا حلوی مین عنبر کہانا جایز ہے مسئلہ اگر کئی عضو کو کئی حلقہ مین مونڈا ہر ایک کے
بدلی قربانی دی مسئلہ ہر ناخن کی بدلی آدہا صاع دی لیکن اگر مجموع کے قیمت قربانی کی برابر ہو تو کچھہ
کم کردی جتنی چاہی مسئلہ اگر سر یا مونچہ یا ڈاڑہی سی کئی بال اوکہاڑی یا ہاتہہ پیر نی دور ہو گئی ہر
ایک کی بدلی ایک لپ بہر گیہون دی مسئلہ اگر موچہین دور کین فطرہ کی برابر صدقہ دی اور جو
تہوڑے بہت اون مین سی دور کئی ہون تو قیاس کرنا چاہی اگر چوتہائی ڈاڑہی سی آدہی ہو تو آدہی قیمت قربانی
کی دی اور اگر چوتہای ہو تو چوتہای قیمت اوس کے دی مسئلہ اگر طواف زیارت حالت جنابت مین کیا
تو اونٹ یا گای قربانی کری مسئلہ اگر طواف زیارت بی وضو کیا یا طواف وداع ترک کیا یا طواف
وداع اور طواف قدوم حالت جنابت مین کیا ایک قربانی کری یہہ مسایل زاد سبیلی سے لکہی گئے ہین
مسئلہ اگر محرم استعمال کری خوشبو یا سر منڈا دی یا کپڑا سیاہ پہنی ساتہہ عذر کی یا بیماری کی پس ان
صورتون مین محرم پر لازم ہی کہ ایک چیز کری تین چیزون مین سی ذبح کری بکری یا چہہ مسکینون
کو تین صاع گیہون دی کہ ہر مسکین کو آدہ آدہ صاع یعنی دو دو سیر یا تین روزی رکہی یا متفرق اور اگر

حرم شکار کرے یا بتا دے شکار کو یا اشارہ کرے اوسکی طرف پس اوسپر واجب ہے لازم آتا ہے قیمت شکار کی ساتھ تخییر
مذہب عادلون کی بحسب قیمت اوس جگہ سے کہ شکار کیا ہے یا بحسب قیمت اوس موضع کی کہ قریب ہو اوسکی اگر قسم
شکار بین ہو اوسکی قیمت پھر اگر چاہے خریدی ساتھ قیمت اوسکی کی ہدی اگر آسکی اوسمین پس ذبح کرے
حرم مین اور اگر چاہے خریدی اوسکا غلہ اور دیوی ہر ہر فقیر کو دو دو سیر گیہون یا جو یا کھجور چار چار
سیر دیوے اگر چاہے روزہ رکھے بدل اوس ہر فقیر کی ایک ایک روزہ اور ان سب جنایات مین قصد اگر ہوا
اور اوپر بھولکر کرنیوالا اور عالم اور جاہل اور برابر ہے بیچ سب کے یہان مین کذا فی الظاہر خداوندا اس عاجز
گنہگار بمعہ اہل و عیال کی حج پر اور زیارت روضہ منورہ کی اور سکونت مدینہ شرفہ کی نصیب کر امین یا رب العالمین
الحمد للہ اولا و آخرا و ظاہرا و باطنا کہ یہ رسالہ زاد غریبان تمام ہوا و صلی اللہ تعالی علی خیر
خلقہ محمد و آلہ و اصحابہ اجمعین اب مناجات مختصر بجناب باری تعالی کیجاتی ہے بی تعالی قبول فرمائے
بحرمت نبی صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم

## مناجات

خدایا تو غفار ہین جرم کار — تو ستار اور مین ہون اس عیب دار — تو ارحم ہی ہین سخت حیران ہون
تہ کردہ نفس شیطان ہون — تو خلاق و رزاق سب کا ہے — تو ہی ہے کہ ہر ایک کو روزی دیا
تری پل مین چاہی کہ اکو سیر — میری ہمتی رہی جاہی مسان — بنی پر ہو نازل درود بیکران
مقام تو نکو محمود کیجو عطا — کہ ہو اون سی وعدی تو نے کیا — چرن مین رہون اونکی ہر دم نیاز
رہون جب تلک دار دنیا مین یہان — نہ ہو دین مین میری کچھ بی زیان — نہ محتاج ہون مین کسی کی کبھو
نہ حیران ہون نہ ہو او ہوس — نہ مشکل اوی ہو کوی میرے — نظر رحم کی مجھ پہ ہووی تیرے
ممنون احسان کسی کا ہون یہان — نہ آمر کہ ہو نہین شکار زبان — مدد غیب سے میرے ہوتی رہے
لحاجت کسی کے نہ کرنی پڑے — نہ حاجت کوئے بند رہوی کبھی — روا کیجو تو میری حاجت سبھے
کہون کس سی تجھ بن خدایا میرے — سنے کون تجھ بن مری مدعا — وہی کو تنی میری حاجت کرو

تہین جانتا اوسکو بس ہو بہو
پہر اوسکو مین کہا تیری آئی کہون
کہ مین انکہت اوسکو کیونکر لکہون

سب جاتے ہین دین و دنیا میرے
روا کردی تو ہر حضرت نے
مجہی جو سنی فکر رہجون نے آہ

قبہ کر رکہا ہی میری بادشاہ
چہوڑا دی مجہی اونی یکبار نے
روا کر کی حاجت تو ہر نے

تمام عمر مین یہی جو جو طلب
کیا تجہسی وہ مجکو دیجو تو سب
مقصا نیف میرے کو کیجو قبول

اوسی دیکہہ با دین ہدایت جہول
یہہ زاد غریبان جو ہی اب ہوا
اسی ہے تو مقبول کیجو خدا

مجہی اوسکی بدلی مین دیتو یہہ اجر
رہون جا مدینی مین مین تا بحشر
معہ اہل و اولاد مجکو میسر

تو پہنچا کی تا حشر رکہیو وہان
وہین موت ہو دی ہین نزدکی
بقیعہ مین ہو قبر یارب میری

ہو قبر مین مجکو یارب عذاب
ہو آسان محشر مین میرا حساب
ہو فردوس مین میرا رہنا ضرور

رہون نعمتون مین وہان تا سحر
کہ تا کر دعصیان سے ہو جاؤن صاف
کہ تا اوسپہ سیدہا چلون ہی تعب

ز نیک مجکو دکہا دی تو اب
اوسی دی سی اہچون مین جنت کے بیچ
ہنوا و سین عصیان کے کیچہہ اونچ نیچ

رہون شرک و بدعت سے مین دور دور
ہی مرگ تک لب پہ تیرا ہی نام
رہون شرک و بدعت سے ہر دم مین دور

ہو توحید سنت کا مجہپر ظہور
موحد تو کر اور رکہنے مجہی
پدایت کا سر پر میرے تاج ہو

تیری ہی رضا کی رہی جستجو
نہ تائید مین میری کر تو درنگ
کہ مین سخت حیران ہون اور دلتنگ

میرا لجہت دل اور نخت تر کر
جو ہی خواجہ عثمان بس نامور
ہمیشہ ہی رکہنا تو اوسپر امان

صد و بست سال اوسکو دی ہی جان
حفاظت ہی اوسکو ہو حق سے سدا
میری نسل آگی بڑہی اتی خوب

میرا نام آگی چلی اتی خوب
میری ہی یہی ہجتی ہر دم دعا
یہی ہجتی ہے میری بس التجا

مقدر میری کر اودہر کا سفر
کہ بیس سفر مین ہی ہی کا سفر
معہ اہل و اولاد یہان ہی شتاب

رہا کر کی پہونچا یہ عالی جناب
مین بے برگ ہون اور ہون بے سہارا
مجہی اپنی رحمت سے پہونچا دی وہان

سب کوئی ایسا تو کر دی عطا
کہ ہجرت کا ین جاوی سامان میرا
ہمین یہان کے رہنی ہی دیکر شتاب

مدینی مین مہلا دے ایمان کی ساتہہ
بہت ابتو یارب ہرا کہہ چکے
نہین چلتا اپنی کوئی پی دنگ